# کوروناوائرس (COVID-19) تجہیز و تدفین میں امداد

COVID-19 کی عالمی وباء بہت سے خاندانوں کے لیے انتہائی غم لے کر آئی ہے۔FEMA پر، ہمارا مشن آفات سے قبل، دوران اور بعد میں لوگوں کی مدد کرنا ہے۔ ہم وائرس کی وجہ سے ہونے والے کچھ مالی دباؤ اور بوجھ کو ہلکا کرنے میں مدد دینے میں مخلص ہیں۔

**FEMA 20 جنوری 2020 کے بعد COVID-19 سے ہونے والی اموات کی تجہیز و تدفین پر اٹھنے والے اخراجات کے لیے مالی امداد فراہم کر رہا ہے۔**



**تجہیزوتدفین میں امداد کے اہل ہونے کے لیے، آپ کا ان شرائط پر پورا اترنا لازمی ہے:**

- لازمی ہے کہ انتقال امریکہ میں ہوا ہو۔
- لازمی ہے کہ درخواست دہندہ امریکی شہری، غیر شہری باشندہ یا اہل اجنبی ہو جس نے 20 جنوری 2020 کے بعد تجہیز و تدفین کے اخراجات اٹھائے ہوں۔
- متوفی کا امریکی شہری، غیر شہری باشندہ یا اہل اجنبی ہونا مطلوب نہیں ہے۔
- متوفی کی سندِ انتقال لازماً نشاندہی کرتی ہو کہ موت COVID-19 سے منسوب تھی یا اس کی وجہ سے ہوئی۔ اگر وفات 20 جنوری اور 16 مئی 2020 کے درمیان ہوئی تھی، اور سندِ انتقال موت کو COVID-19 سے منسوب نہیں کرتا، بشمول سندِ انتقال کی تصدیق کرنے والے اہلکار، غیر طبعی موت کے تفتیش کار یا طبی معائنہ کار کی جانب سے ایک دستخط شدہ بیان جو وفات کی وجہ کو COVID-19 سے جوڑتا ہو۔

## کون سے اخراجات زرِ تلافی کی ادائیگی کے اہل ہوں گے؟

اہل اخراجات کی مثالوں میں شامل ہو سکتی ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں:

- متوفی کی شناخت کرنے کے لیے آمدورفت
- میت کی منتقلی
- تدفین کا منصوبہ یا میت کو جلانے کی طاق
- ایک نشانی یا کتبۂ قبر
- پادری/امام یا نائب پادری/امام کی خدمات
- تدفین گھر کے سامان یا عملے کا استعمال
- میت کو جلانے یا دفن کرنے کے اخراجات

## مجھے FEMA کو کیا معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟

FEMA کو درخواست دینے کے لیے رابطہ کرنے سے پہلے براہِ کرم مندرجہ ذیل معلومات پاس رکھیں:

- نام، سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخ پیدائش، ڈاک کا پتہ اور رابطے کے فون نمبر۔
- ہر متوفی کے لیے نام، سوشل سیکیورٹی نمبر اور تاریخِ پیدائش۔
- محلِ وقوع یا پتہ جہاں متوفی نے وفات پائی۔
- دیگر ذرائع سے پہلے ہی وصول کردہ کسی بھی امداد کی دستاویزات اور رسیدیں، بشمول تدفین یا تجہیز و تدفین کا بیمہ، عطیات، رضاکار محکمے، دیگر سرکاری پروگرام یا بلامنافع کام کرنے والی تنظیمیں۔
- اگر آپ کے علاوہ بھی کسی اور نے متوفی (متوفیوں) کے لیے تجہیز و تدفین کے اخراجات اٹھائے تھے تو کسی بھی شریک درخواست دہندہ (دہندگان) کے نام اور معلومات

## میں اس امداد کے لیے کیسے درخواست دوں؟

**FEMA کی COVID-19 کی وجہ سے تجہیز و تدفین میں امداد کی ہیلپ لائن کو**
1-844-684-6333
(TTY: 800-462-7585) صبح 9 بجے تا رات 9 بجے ایسٹرن ٹائم،
سوموار - جمعہ کال کریں اور درخواست دینے کا عمل شروع کریں۔

**تیز ترین خدمت کے لیے آپ کی درخواست دینے کے بعد، آپ**
Disasterassistance.gov
**کے ذریعے، بذریعہ فیکس 855-261-3452 پر دستاویزات جمع کروانا شروع کر سکتے ہیں۔**
دستاویزات اس پتے پر بذریعہ ڈاک بھی بھیجی جا سکتی ہیں:
COVID-19 Funeral Assistance P.O. Box 10001 Hyattsville, MD 20782

**آپ ہمیں آن لائن وزٹ بھی کر سکتے ہیں**
FEMA.gov/funeral-assistance/faq
معلومات کئی زبانوں میں بذریعہ ٹیلی فون اور ویب سائٹ دونوں طرح فراہم کی جاتی ہے۔

FEMA